سوال

(821) ہم نے کھنبوں پر ڈبے لگا رکھے ہیں کہ مقدس ورق..الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم نے کھنبوں پر ڈبے لگا رکھے ہیں کہ مقدس ورق ان میں ڈالیں اور بے حرمتی نہ ہو لوگ پورے پورے قرآن ڈال جاتے ہیں جو بہت پرانے ہوتے ہیں اب ہمارے پاس کافی ذخیرہ ہے ان کو کیا کیا جائے کیا دفن کیا جائے لوگ تو ڈیم میں بہا دیتے ہیں محمد امجد میر پور آزاد کشمیر

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس بارے میں مجھے کوئی آیت یا کوئی حدیث مرفوع معلوم نہیں ظاہر ہے ان کی حفاظت کے لیے وہی طریقہ اختیار کرنا چاہیے جو ان کے احترام کے منافی نہ ہو کیونکہ قرآن مجید کی تعظیم فرض وضروری اور اس کی توہین ناجائز وحرام بلکہ کفر ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص553

محدث فتویٰ